## BCG ویکسین (Bacille Calmette Guérin)

یہ TB کے خلاف حفاظت کرنے میں مدد کرتی ہے۔ یہ TB کے جرثومے کی ایک قسم کی کمزور شدہ صورت ہے جو بیماری پیدا نہیں کرتی۔ یہ جسم میں مامونیت پیدا کر کے TB کی بیماری کے خلاف حفاظت کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ اگرچہ BCG ، TB کے خلاف حفاظت تو کرتی ہے، لیکن یہ اس کو لگوانے والے ہر شخص کی حفاظت نہیں کرتی۔

2005 میں BCG کے پروگرا م میں تبدیلیوں کے باعث، BCG کو اب برطانیہ کے ثانوی اسکولوں میں معمول کے مطابق نہیں دیا جاتا۔ اس کو تپ دق (TB) کے شدید خطرے سے دوچار ننھے بچوں، ذرا بڑے بچوں اور نوجوان بالغوں کے لئے ایک ہدف شدہ پروگرام سے بدل دیا گیا ہے۔

## BCG کو لینے کی کِسے ضروروت ہے

محکمہ صحت کی سفارشات مندرجہ ذیل ہیں؛

- 12ماہ سے کم عمر کے تمام ننھے بچے جو زیادہ تعداد میں کیسوں والے علاقوں میں یا تو پیدا ہوئے ہوں یا رہتے ہوں (یعنی ہر 100,000 لوگوں میں TB کے 40 کیس)، یا جن کے والدین اور دادادادی جو ان علاقوں میں پیدا ہوئے ہوں. ا گر آپ کا بچہ اس زمرے میں آتا ہے ، تو آپ کی مڈ وائف یا ہیلتھ وزیٹر کو خود بخود ایک BCG کا انتظام کر دینا چاہئے۔ اگر آپ کو کوئی سوالات کرنا ہوں، تو آپ کو ان سے بات کرنا چاہئے۔
- بڑےبچے جنھوں نے BCG نہ لی ہو ان کی TB کے خطرے کی وجوہات کے لئے جانچ کی جا سکتی ہے، اور اگر مناسب ہو تو ان کا ٹیسٹ لے کر اِن کو ویکسین لگائی جا سکتی ہے. خطرے کی وجوہات عموماً یا تو زیادہ تعداد میں TB کےکیسوں والے کسی ملک سے آنا ہے، یا ایسے والدین اور دادادادی کا ہونا ہے جو ایسے ملک سے آئے ہوں۔ اگر آپ محسوس کریں کہ آپ کا بچہ زیادہ ہ خطرے میں ہے اور اس کو ویکسین نہیں لگائی گئی، تو براہ مہربانی اپنی ہیلتھ وزیٹر، پریکٹس نرس یا GP سے مقامی رابطہ کار برائے مامونیت سے مشورہ حاصل کرنے کے بارے میں پوچھیں.

لوگوں کے چند اور گروپ بھی ہیں، جو ہوسکتا ہے TB کے زیادہ خطرے سے دو چار ہوں۔

- پھیپھڑوں کی TB سے تشخیص شدہ لوگوں کے قریبی رابطے۔ اگر آپ اس زمرے میں شامل ہیں، تو مقامی سرکاری خدماتِ صحت آپ کی نشان دہی کرکے آپ سے رابطہ کریں گی
- پیشہ ورانہ گروپ، جیسے نگہداشت صحت میں کام کرنے والے، معمر افراد کے ساتھ کام کرنے والے، بے گھروں اور مہاجروں کے ہوسٹلوں میں کام کرنے والے، لیباریٹری کا عملہ، جیل کا عملہ اور علاج برائے حیوانات (بیطاری )کا عملہ اگر آپ ان میں سے کسی گروپ میں شامل ہیں، آپ کی عمر 35 سال سے کم ہے (تحقیق بتاتی ہے کہ 35 BCG سال سے اوپر لوگوں پر کم ہی اثر کرتی ہے) اور آپ نے پہلے ویکسین نہیں لگوائی، تو آپ کو BCG کے متعلق اپنے پیشہ ورانہ صحت یا افرادی محکمہ سے رابطہ کرنا چاہئے۔
- زیادہ تعداد میں TB کے مریضوں والے ملک میں مقامی آبادی کے ساتھ تین ماہ سے زائد عرصے کے لئے رہنے کیلئے جانے والے 16 برس سے کم عمر والے افراد۔ اگر آپ اس گروپ میں شامل ہیں، اور آپ نے پہلے ویکسین نہیں لگوائی، تو ہو سکتا ہے آپ کو BCG درکار ہو۔ لیکن آپ کو NHS سے ویکسین لگوانے کا امکان کم ہے۔ آپ کو سفر کے لئے پرائیویٹ طور پر BCG حاصل کرنا پڑے گی۔ تفصیلات کے لئے نیچے دیکھیں۔

## لیکن مجھے BCG درکار ہے، کیا مجھے یہ اب بھی مل سکتی ہے؟

اگر آپ اس فہرست کے کسی گروپ میں شامل نہیں ہیں، تو BCG کی سفارش نہیں کی جاتی اور آپ اس کو NHS کے ذریعے حاصل نہیں کر سکیں گے۔

## BCG برائے سفر

BCG کے لئے ایک معمول کی سفر کی ویکسین کے طور پر سفارش نہیں کی جاتی۔

زیادہ تعداد میں TB کے مریضوں والے ملک میں مقامی آبادی کے ساتھ تین ماہ سے زائد عرصے کے لئے رہنے کیلئے جانے والے 16 برس سے کم عمر والے افراد کو اور ان افراد کو ، جنھوں نے BCG نہیں لگوائی، یہ دیکھنے کے لئے آیا BCG کی ضرورت ہے، ایک جلدی ٹیسٹ کروانا چاہئے.

عام طور سے سفر کی خاطر BCG اور اس کے لئے ٹیسٹ کو پرائیویٹ طور پر کروانا درکار ہوتا ہے۔ بعص سفری کلینک یہ خدمت پیش کرتے ہیں لیکن قیمتیں مختلف ہوتی ہیں اور ٹیلیفون کرکے پیشگی طور پر قیمت معلوم کرنا بہتر رہتا ہے۔ MASTA سفری کلینک پورے یُوکے میں موجود ہیں اور ان میں سے چند، اگرچہ سب نہیں، BCG پیش کرتے ہیں۔ آپ کو ان کا نزدیک ترین کلینک ان کی ویب سائٹ www.masta.org. کو ملاحظہ کرنے سے مل سکتا ہے۔

اگر آپ لندن میں رہتے ہیں، تو بڑے ریلوے اسٹیشنوں پر واقع Medicentre نامی کلینک بھی BCG پیش کرتے ہیں۔ ان کی ویب سائٹ کا پتہ www.medicentre.co.uk ہے۔ یا آپ ان کو 0870 600 0870 پر ٹیلیفون کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو یہ خدمت مہیا کرنے والے کلینک کو تلاش کرنے میں کوئی مشکل ہو، تو مزید معلومات کے لئے TB alert کو 0845 456 0995 پر ٹیلیفون کریں۔

## TB کیا ہے

تپ دق (TB) ایک جراثیمی (بیکٹیریل) انفیکشن ہے، جو زیادہ تر پھیپھڑوں پر اثر کرتی ہے لیکن جسم کے کسی حصے کو بھی متاثر کر سکتی ہے TB دوائیوں کے ایک کورس کے ذریعے قابل علاج ہے جو کم از کم چھ ماہ تک کھانی ہوتی ہیں۔ فقط پھیپھڑوں یا گلے کی TB متعدی ہو سکتی ہے اور زیادہ تر لوگ درست دوا لینا شروع کرنے کے دو ہفتے کی مدت کے اندر متعدی نہیں رہتے۔

## یہ کیسے لگتی ہے؟

جب پھیپھڑوں یا گلے کی TB میں مبتلا کوئی شخص کھانستا یا چھینکتا ہے، تو جراثیم چھوٹے چھوٹے قطروں کی صورت میں ہوا میں شامل ہو جاتے ہیں اور دوسرے لوگ ان میں سانس لیتے ہیں تو TB میں مبتلا ہونے کا سب سے زیادہ امکان ہوتا ہے۔ وہ لوگ ہوتے ہیں، جنھوں نے TB کے حامل شخص کے ساتھ کافی وقت گذارا (عموماً ساتھی اور اسی گھرانے کے دوسرے لوگ، یا شاذو نادر قریبی رفقائے کار)۔ اس بات کا امکان کم ہی ہوتا ہے کہ کسی کو بس یا ٹرین جیسی جگہ سے TB لگ جائے، کیونکہ TB کے خطرے کی زد میں آنے کے لئے عموماً کسی متعدی شخص کے ساتھ کئی گھنٹوں کے لئے رابطہ ضروری ہوتا ہے۔ TB تھوکنے یا اشیاء میں ایک دوسرے کو شریک کرنے سے نہیں پھیلتی۔

برطانیہ میں جن لوگوں کے ٹی بی میں مبتلا ہونے کا سب سے زیادہ خطرہ ہوتا ہے، وہ ہوتے ہیں، جو:

- کسی متعدی مریض کے ساتھ زیادہ وقت کے لئے رابطے میں رہا ہو،
- ایسی جگہوں پر رہا ہو، جہاں پر TB ابھی تک عام ہو۔
- ایسا مامونی نظام جو HIV یا دیگر طبی عارضوں کی بنا پر کمزور ہو گیا ہو۔
- سماجی وجہ جیسے بے گھری، شراب نوشی اور منشیات کے استعمال کی بنا پر پرانی ناقص صحت

عام آبادی کی نسبت، چھوٹے بچوں اور کافی معمر افراد میں بھی TB کی بیماری کے پیدا ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔


انفیکشن (تعدی) اور فعال بیماری میں ایک بڑا فرق ہوتا ہے؛ لوگ انفیکشن کا شکار ہو سکتے ہیں، لیکن علیل نہیں ہو تے (اس کو خوابیدہ TB انفیکشن کہتے ہیں)، کیونکہ زیادہ تر لوگوں کے مامونی نظام جراثیم کو فعال ہونے سے روکے رکھتے ہیں۔ دوسروں کے لئے فقط فعال TB ہی ممکنہ طور پر متعدی ہو سکتی ہے۔

## جب میں چھوٹا تھا، تو میں نے BCG کی ویکسین نہیں لگوائی تھی – کیا مجھے اب لگوا لینا چاہئے، کیونکہ یو کے میں TB بڑھ رہی ہے؟

2005 میں اسکولوں کے BCG پروگرام کے اختتام سے قبل، ہم میں سے زیادہ تر کو اسکول میں13برس کی عمر کے لگ بھگ BCG کا ٹیکہ لگا دیا جاتا تھا. اگر آپ نے BCG کی ویکسین نہیں لگوائی (ہم میں سے تقریباً 30% نے نہیں لگوائی) ، تو اس کو اب لگواناحقیقتاً مفید نہیں رہے گا۔ BCG فقط15 برس کی عمر کےلگ بھگ ہی مؤثر ہو سکتی ہے اور تحقیق بتاتی ہے، کہ یہ دوسری مرتبہ لگانے پر کم ہی اثر رکھتی ہے اور 35 برس کی عمر سے اوپر بھی کم ہی اثر رکھتی ہے۔ زیادہ تر لوگوں کے TB میں مبتلا ہونے کا خطرہ اب بھی بہت کم ہے، اور TBسے پرہیز کا بہترین طریقہ اس میں مبتلا لوگوں کا علاج ہے اور اس کو پھیلنے سے روکنا ہے۔

URDU_63796 BCG new.indd 1
6/16/2009 2:45:37 PM

# تپ دق (TB)
# اور
# BCG کی ویکسینیشن



NHS

## BCG کی ویکسینیشن کیسے کی جاتی ہے؟

پہلے جراثیم کےخلاف مامونی نظام کے رد عمل کو چیک کرنے کے لئے ایک جِلدی ٹیسٹ کیا جاتا ہے۔ عموماً 6 سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے ویکسین لگانے سے پیشتر کوئی ٹیسٹ درکار نہیں ہوتا، تاوقتیکہ وہ متعدی TB کے ساتھ قریبی رابطے میں نہ رہے ہوں، یا زیادہ تعداد میں TB کے مریضوں والے ملک میں تین ماہ سے زائد عرصے کے لئے رہے ہوں۔ جِلدی ٹیسٹ کو Mantoux ٹیسٹ کہتے ہیں اور یہ جلد کی بالائی سطح میں ایک چھوٹا سا انجیکش لگانے پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس سی تھوڑی سی چُبھن ہو سکتی ہے لیکن یہ زیادہ دیر کے لئے تکلیف دہ نہیں ہوتا۔ دو اقسام کے خون کے ٹیسٹ بھی موجود ہیں اور متعدد دیگر ٹیسٹ تیاری کے مراحل میں ہیں۔

ایک جِلدی ٹیسٹ کروانے کے بعد، جلد کے رد عمل کے لئے چند روز بعد ایک مرتبہ دوبارہ کلینک میں آنا درکار ہوتا ہے اور پھر جلدی ٹیسٹ کے منفی ہونے کی صورت میں اس کے بعد تین ماہ تک BCG دی جا سکتی ہے۔ ویکسین بازو کے بالائی حصے کی جلد میں ایک انجیکشن کی صورت میں دی جاتی ہے۔ ابتدائی طور پر ایک چھوٹا سا دھبہ رہ جائے گا، جو 4-6 گھنٹوں میں غائب ہو جاتا ہے۔

## BCG کے انجیکشن کے بعد کیا ہوتا ہے؟

انجیکش والی جگہ پر چند روز کے لئے دُکھن ہو سکتی ہے لیکن اس مرحلے پر کچھ زیادہ نہیں دیکھا جا سکتا۔ اس سے کسی کی طبیعت ناساز ہونے یا بُخار ہونے کا امکان کم ہی ہوتا ہے۔

اس جگہ پر تقریباً دو ہفتوں کے بعد ایک گلٹی بن جائے گے۔ یہ ایک چھوٹے دھبے یا السر کی صورت اختیار کر سکتا ہے، جو رِس یا بہہ سکتا ہے۔ براہ مہربانی اس کو دبائیں نہیں! اس کو ہوا مِیں کھلا چھوڑ دیں، کیونکہ اس طرح اس کو مندمل ہونے میں مدد ملے گی۔ ہو سکتا ہے کوئی کھرنڈ بن جائے، تو اس کو اتارنے کی کو شش نہ کریں۔ بعض اوقات اس کو ایک خشک پٹی سے ڈھانپنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ دھونا دھلانا، نہانااور تیراکی معمول کے مطابق کی جا سکتی ہے لیکن جگہ کو خشک کرنے کے وقت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ ویکسین لگانے کے بعد اس جگہ کے مندمل ہونے میں تقریباً 8ہفتےلگ سکتے ہیں۔

بازو کے بالائی حصے پر زخم کا ایک چھوٹا سال گول نشان رہ سکتا ہے۔ BCG TB کے خلاف ایک مامونی رد عمل پیدا کرنے میں چھ ہفتے لیتی ہے۔

جب BCG دی جائے، تو اسی بازو میں تین ماہ تک مامونیت کا کوئی اور ٹیکہ نہیں لگانا چاہئے۔ مثالی طور پر BCG کو دیگر فعال ویکسینیں دیتے وقت ہی لگایا جانا چاہئے (فعال ویکسینوں میں شامل ہیں BCG، خسرہ، کان پیڑے، MMR اور rubella) - تاہم، اگر ان کو ایک ہی وقت میں نہیں دیا جاتا، تو فعال ویکسینوں کے درمیان 4 ہفتوں کی تاخیر کی سفارش کی جاتی ہے۔

## ایک جلدی ٹیسٹ یا BCG سے قبل اپنے ڈاکٹر یا نرس کو بتائیں، اگر آپ:

- آپ مثبت طور پر HIV کے مثبت مریض ہیں۔
- آپ کسی خطرناک بیماری میں مبتلا ہیں۔
- آپ TB کے بارے میں کوئی سابقہ یا موجودہ کوائف رکھتے ہیں۔
- آپ جسمانی نظام کے اسٹیرائڈذ لیتےہیں۔
- ماضی میں آپ کا کوئی جلدی ٹیسٹ مثبت تھا۔
- آپ کو گذشتہ 4 ہفتوں میں کوئی فعال ویکسینیں دی گئی تھیں۔
- آپ نے کوئی سابقہ BCG ویکسینیشن کروائی تھی۔
- آپ امید سے ہیں، یا بچے کو دودھ پلا رہی ہیں۔
- آپ کا درجہ حرارت بلند ہے یا آپ کو بخار ہے۔
- آپ کو غدودی بخار ہے یا کسی قسم کی وائرل انفیکشن ہے
- آپ کو جلد کا کوئی عام عفونتی عارضہ ہے۔

آئندہ طبی حوالے کے لئے اپنی BCG کی ویکسینیشن کا ریکارڈ رکھنا ضروری ہے-.

**TB Alert** ایک منفرد خیراتی ادارہ ہے، جو دنیا بھر کی تپ دق (TB) کے متعلق یُو کے میں بیداری پیدا کرر ہا ہے۔

ہم یو کے اور ترقی پذیر ممالک میں ایسے منصوبوں کی اعانت کرتے ہیں جو اس بات کو یقینی بنائیں کہ زیادہ مریضوں کو مناسب معلومات اور علاج میسر ہو۔ آپ کی مدد سے ہم دنیا بھر میں تپ دق (TB) پر ایک مثبت اثر ڈال کر زیادہ جانیں بچا سکتے ہیں۔

**TB Alert**,
Community Base,
113 Queens Road,
Brighton BN1 3XG
ٹیلیفون: 01273 2340

مزید معلومات یا اس ورقچے کی نقل کے لئے،
براہ مہربانی رابطہ کریں 01273 234 770 (فقط اوقاتِ کار)۔

ایک عطیہ دینے یا **TB Alert** کی مدد کے لئے رضاکار بننے کے لئے،
براہ مہربانی رابطہ کریں 01273 234 784 (فقط اوقاتِ کار)۔

یا ہماری ویب سائٹ www.tbalert.org پر جائیں

**TB کی سب سے زیادہ عام علامت میں شامل ہیں:**

- **ایک تین ہفتے سے زائد عرصے تک رہنے والی کھانسی، جو عام دواؤں سے ٹھیک نہیں ہوتی بلکہ مزیدابتر ہوتی جاتی ہے**
- **بُخار (بلند درجہ حرارت)**
- **رات کو اتنا زیادہ پسینہ آنا کہ بستر کی چادریں بدلنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔**
- **کسی وجہ کے بغیر وزن میں کمی**
- **اضمحال (توانائی کی کمی یا انتہائی زیادہ تھکاوٹ)**
- **سوجے ہوئے غدود**
- **کھانسی کے ساتھ خون کا آنا (یہ انتہائی شاذونادر صورتوں میں ہوتا ہے، لیکن فوری طبی مشورے کا متقاضی ہوتا ہے)**

یہ تمام علامتیں دیگر مسائل کے اشارے بھی ہو سکتے ہیں۔اگر آپ کو ان علامات میں سے تین یا زائد علامات ہوں اور آپ پریشان ہوں، تو آپ کو اپنی مقامی سرجری یا کلینک پر ڈاکٹر یا نرس سے بات کرنی چاہئے